# ORIX MODARABA (ORIXM)
# (FORMERLY STANDARD CHARTERED MODARABA)

## NOTICE OF DISTRIBUTION OF PROFIT, TRANSFER BOOK CLOSURE AND EIGHTEENTH ANNUAL REVIEW MEETING

At the meeting held on August 30, 2017, the Board of Directors of the ORIX Services Pakistan (Private) Limited (formerly Standard Chartered Services of Pakistan (Private) Limited) was pleased to announce a net profit for ORIXM of Rs128.24 million for the year ended June 30, 2017. The Board also approved a **cash dividend @ 27.00% (Rs.2.70 per certificate of Rs 10/- each)** for the year ended June 30, 2017, after transferring a sum of Rs. 6.41million to statutory reserve.

Eighteenth Annual Review Meeting (ARM) of certificate-holders of ORIXM will be held on Friday, October 27, 2017 at 12:00 p.m. at The Institute of Chartered Accountants of Pakistan (ICAP), Chartered Accountant Avenue, Clifton, Karachi to review the performance of the Modaraba for the year ended June 30, 2017.

The certificate transfer books was remain closed from Monday, September 25, 2017 to Friday, October 02, 2017 (both days inclusive) and from Friday, October 20, 2017 to Friday, October 27, 2017 (both days inclusive), for the purpose of ascertaining entitlement of the aforementioned dividend and to attend the ARM respectively. Transfers received in order at the office of our Registrar, **FAMCO Associates (Pvt.) Ltd. 8-F, Next to Hotel Faran, Nursery, Block-6, P.E.C.H.S., Shahra-e-Faisal, Karachi** before the close of business hours on Friday, September 22, 2017 and Thursday October 19, 2017 will be treated as in time for the purpose of entitlement to dividend and to attend ARM respectively.

Pursuant to the directive of the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), CNIC number is mandatorily required to be mentioned on dividend warrants, members' register and other statutory returns. Those certificate-holders who have not submitted a copy of their CNIC to the Modaraba are once again requested to submit a copy of their CNIC, otherwise the Modaraba will be constrained under section 243(2) (a) of the Companies Act, 2017 to withhold dividends to such certificate-holders.

Please also note that in accordance with the provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017, it is mandatory for a listed company/ modaraba to pay cash dividend to certificate holders only through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled certificate holders. In this regard, the Securities and Exchange Commission of Pakistan vide its circular no. 18 of 2017 dated August 01, 2017, has granted listed companies/ modarabas one time relaxation from the aforementioned requirement for payment of cash dividend till October 31, 2017.

In order to receive your dividend directly into your Bank account, please complete the particulars as mentioned in Electronic Credit Mandate Form and return the same duly signed along with a copy of your CNIC to our Registrar.

You can find the Electronic Credit Mandate Form on Notices and Announcements Section at ORIXM website www.orixmodaraba.com. Further, the same is also available on website of FAMCO Associates (Private) Limited http://www.famco.com.pk. You may contact us at askus@orixmodaraba.com for this purpose.

In case of non-communication of bank account details, the Modaraba would be constrained to act in accordance with the provisions of law, for withholding the amount of dividend which may be payable by the Modaraba on or after November 01, 2017.

CDC certificate-holders are requested to submit their Dividend Mandate and CNIC directly to their broker (participant)/CDC.

On behalf of the Board

**MUHAMMAD SIDDIQUE**

October 06, 2017 Company Secretary

**Note:**

1. In case of individuals the account holder and/or person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall authenticate their identity by showing original Computerized National Identity Card (CNIC) or original passport at the time of attending the meeting, (CDC account holders are also requested to bring their participant ID no. and account no. in CDS).
2. In case of corporate entity the board of directors' resolution/ power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.
3. Pursuant to the directives of FBR and Finance Act, 2017, the rate of withholding tax on gross amount of dividend for Filer is 15% and for Non Filer is 20.0%. Where, Filer means a person whose name appears on the Active Taxpayers List (ATL).To enable the Modaraba to make tax deduction on the amount of cash dividend @ 15% instead of 20.0%, all the certificate holders whose names are not entered into the Active Taxpayers List (ATL) provided on the website of FBR, despite the fact that they are filers, are advised to make sure that their names are entered into ATL before the start of closed period (referred above) otherwise tax on their cash dividend will be deducted @20.0% instead @15%.

# اورکس مضاربہ (ORIXM)

# (گزشتہ نام: اسٹینڈرڈ چارٹرڈ مضاربہ)

## منافع کی تقسیم' ٹرانسفر بکس کی بندش اور سترھویں سالانہ ریویومیٹنگ کانفرنس

30 اگست 2017ء کو منعقدہ اجلاس میں اورکس سروسز پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ سابقہ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ سروسز آف پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 30 جون 2017ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے اورکس ایم (ORIXM) کیلئے 128.24 ملین روپے کے خالص منافع کا بخوشی اعلان کیا ہے۔ بورڈ نے 6.41 ملین روپے اسٹیٹیوٹری ریزرو میں منتقل کرنے کے بعد 30 جون 2017ء کو ختم ہونیوالے سال کیلئے 27 فیصد کیش منافع (ہر 10 روپے کے سرٹیفکیٹ پر 2.70 روپے) کی منظوری بھی دی۔

اورکس ایم (ORIXM) کے سرٹیفکیٹ ہولڈرز کا اٹھارہواں سالانہ جائزہ اجلاس پیر 27 اکتوبر 2017ء کو دن کے بارہ بجے انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس آف پاکستان (آئی سی اے پی) چارٹرڈ اکاؤنٹینٹ ایوینیو' کلفٹن' کراچی میں 30 جون 2017ء کو ختم ہونے والے سال کے مضاربہ کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

سرٹیفکیٹس کی منتقلی کی کتب پیر 25 ستمبر 2017ء تا پیر 2 اکتوبر 2017ء (دونوں دن شامل) تک بند رہیں اور جمعہ 20 اکتوبر 2017ء تا جمعہ 27 اکتوبر 2017ء (دونوں دن شامل) بالترتیب مندرجہ بالا منافع منقسمہ کی اہلیت کے تعین اور اے آر ایم میں شرکت کیلئے بند رہیں گی۔

ہمارے رجسٹرار فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ F-8 نزد ہوٹل فاران' نرسری بلاک 6، .P.E.C.H.S شاہراہ فیصل' کراچی میں جمعہ 22 ستمبر 2017ء اور جمعرات 19 اکتوبر 2017ء کے دفتری اوقات کار کے اختتام سے قبل موصولہ ٹرانسفرز کو بالترتیب ڈیویڈنڈ کی اہلیت کے تعین اور اے آر ایم میں شرکت کیلئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی ہدایت کے تحت ڈیویڈنڈ وارنٹ پر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر ہونا لازمی ہیں۔ لہٰذا ایسے تمام سرٹیفکیٹ ہولڈرز جنہوں نے ابھی تک اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل فراہم نہیں کی ہے' سے درخواست کی جاتی ہے کہ فوری طور پر مذکورہ نقل اورکس مضاربہ کو فراہم کردیں ورنہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 243(2) (اے) کے تحت ایسے سرٹیفکیٹ ہولڈرز کا منافع منقسمہ روک لیا جائے گا۔ واضح ہو کہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 242 کے تحت لسٹیڈ کمپنیوں/مضاربہ کیلئے لازمی ہے کہ اہل سرٹیفکیٹ ہولڈرز نقد منافع منقسمہ براہ راست ان کے بینک اکاؤنٹ میں ادا کریں۔ اس ضمن میں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے بذریعہ سرکلر نمبر 18 مجریہ 2017ء مورخہ یکم اگست 2017ء لسٹیڈ کمپنیوں/مضاربہ کو 31 اکتوبر 2017ء تک نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کیلئے مذکورہ بالا طریقہ کار میں مہلت دیدی ہے۔

اپنے منافع منقسمہ کی براہ راست بینک اکاؤنٹ میں وصولی کیلئے براہ مہربانی الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم پر مکمل کوائف کے اندراج کے ساتھ سی این آئی سی کی کاپی کے ہمراہ ہمارے رجسٹرار کے پاس جمع کرادیں۔ آپ الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم اورکس ایم کی ویب سائیٹ www.orixmodaraba.com کے نوٹسز اینڈ اناؤسمنٹ سیکشن سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ مزید براں مذکورہ فارم فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی ویب سائٹ http://www.famco.com.pk پر بھی دستیاب ہیں۔ اس مقصد کے لئے آپ ہم سے askus@orixmodaraba.com پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات کی عدم فراہمی کی صورت میں مضاربہ قانون کے مطابق یکم نومبر 2017ء کو یا بعدازاں قابل ادائیگی منافع منقسمہ روکنے پر مجبور ہوگا۔

سی ڈی سی سرٹیفکیٹ ہولڈرز سے گزارش ہے کہ اپنے ڈیویڈنڈ مینڈیٹ اور سی این آئی سی براہ راست متعلقہ بروکر (شریک) سی ڈی سی کو پیش کردیں

مورخہ: 6 اکتوبر 2017ء

بحکم بورڈ

محمد صدیق

کمپنی سیکرٹری

**نوٹ:**

(1) افراد کی صورت میں' اکاؤنٹ ہولڈرز یا گروپ کے اکاؤنٹ میں سیکیورٹیز کے حامل افراد اور/یا ایسے افراد جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق اپ لوڈ ہیں کو اپنی شناخت کیلئے' اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ اجلاس میں شرکت کے وقت دکھانا لازمی ہوگا۔
(CDC اکاؤنٹ ہولڈرز سے بھی درخواست کی جاتی ہے کہ اپنا پارٹیسپنٹ آئی ڈی نمبر CDS میں اکاؤنٹ نمبر اپنے ہمراہ لائیں)

(2) کارپوریٹ اینٹیٹی کی صورت میں' بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط اجلاس کے وقت پیش کرنا لازمی ہوگا (اگر پہلے فراہم نہیں کیا گیا تو)۔

(3) FBR کی ہدایت کے مطابق اور فنانس ایکٹ مجریہ 2017ء کے تحت ڈیویڈنڈ کی مجموعی رقم پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی شرح فائلرز کیلئے 15 فیصد اور نان فائلرز کیلئے 20 فیصد ہے فائلر سے مراد وہ شخص ہے جس کا نام ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں درج ہو۔ مضاربہ کو کیش ڈیویڈنڈ کی رقم پر 20 فیصد کے بجائے 15 فیصد پر ٹیکس کی کٹوتی کا مجاز بنانے کیلئے تمام سرٹیفکیٹ ہولڈرز جن کے نام فائلرز ہونے کے باجود FBR کی ویب سائٹ پر دستیاب ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ میں درج نہیں ہیں انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ بندش کی مدت (مذکورہ بالا) کے آغاز سے قبل ATL میں اپنے ناموں کا اندراج یقینی بنائیں بصورت دیگر ان کے کیش ڈیویڈنڈ ٹیکس کی کٹوتی 15 فیصد کے بجائے 20 فیصد کے تناسب سے کی جائے گی۔